سوال

کفارہ روزے

جواب

روزے کی حالت میں.جماع کرنے کا کفارہ۔ ؟السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ روزہ کی حالت میں یا روزہ توڑکر.جماع کرنے کا کیا کفارہ ہے اور کیا یہ کفارہ میاں بیوی دونوں پر لازم ہے یا صرف خاوند پر۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!رمضان میں روزے کی حالت سے بیوی کے ساتھ.جماع کرنے پر کفارہ مغلظہ ہوگا جوکہ ایک غلام آزاد کرنا اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو دوماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو پھر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہوگا، اوراس کے ساتھ روزے کی قضاء بھی ہوگی۔ اور عورت نے اگر یہ کام برضاورغبت بلاجبر واکراہ کیا ہے تو خاوند کے ساتھ ساتھ اس پر بھی یہی کفارہ ہے۔ اور ساتھ اس دن کی قضاء بھی ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی